بسم اللہ الرحمن الرحیم

# آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم

# کے چشمۂ روحانیہ کا مختصر تعارف

اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے بے انتہا حمد وشکر ہے اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر لاتعداد درود وسلام ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل بیت واصحاب پر بے حساب رحمت وبرکت نازل ہو کہ حضور پرنور روحی فداہ نور من نور اللہ احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص توجہ وعنایت، اہل بیت کرام رضی اللہ عنہم کی نظر رحمت، حضور غوث الاعظم سیدنا شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی ورحمۃ الھند سیدنا خواجہ غریب نواز معین الدین حسن سنجری رضی اللہ عنہما کی شفقت اور حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں اور اس بارگاہ کے اصل روح رواں سلطان العارفین برہان الدین تاج الاولیاء سلطان الفقر عطاء غوث الاعظم سیدی ومرشدی حضرت مخدوم سید احمد شاہ الہ آبادی علیہم الرحمۃ والرضوان کی ہدایت ورہنمائی اور روحانی فیضان وکرم سے آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ تعالیٰ عنھم کی پرنور فضاؤں اور باکرامت خطۂ مقدسہ میں رہ کر درود وسلام کے ذریعے منازل سلوک طے کرنے کی اجازت مرحمت ہوئی اس آستانۂ عالیہ کے روحانی فیوض وبرکات سے ہر دور میں خلق خدا شرابور ہوتی رہی ہے، پس اس لازوال نعمت الٰہیہ سے خلق خدا کو مزید فیضیاب کرنے کے لئے حضور سلطان العارفین علیہ الرحمہ کے اس مقدس آستانۂ عالیہ سے ایسا چشمۂ روحانیہ جاری کیا گیا ہے جس سے خلق خدا کے دلوں میں اللہ رب العلمین کی عبادت کا جذبہ اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت ومحبت کا نور حاصل ہو، تاکہ انسان دہر وقبر وحشر میں سلامتی ایمان کے ساتھ حضور پیارے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرماں بردار امتیوں اور سچے غلاموں میں شامل ہوجائے۔ ہر لمحہ یہاں کی فضاؤں سے فَفِرُّوْا اِلَی اللہِ (تم اللہ کی طرف بھاگو) کا نغمۂ ہدایت سنا کر "اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ" (ابلیس منکر ہوا، غرور کیا اور کافر ہوگیا) کے طائفۂ مغضوبہ وضالہ سے نکلنے کی تلقین کی جاتی ہے، اس آستانۂ مبارکہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ وخلق عظیم، عفوودرگزر، صدق وامانت، لحاظ حقوق، صبر وشکر، حمد وذکر، اخوۃ ومحبت کی تعلیمات کے ساتھ ساتھ مسلک اولیاء پر گامزن رہ کر شریعت وطریقت، معرفت وحقیقت کا روحانی جام پلایا جاتا ہے۔ اس چشمۂ روحانیہ سے سیراب ہونے کا ایک نہر صافی بشکل روحانی درود وسلام جاری وساری ہے چنانچہ آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم کی روحانی مشکبار روحانفزا انوار وبرکات سے پر فضاؤں میں رہ کر درود وسلام کے اس حسین گلدستے میں مصطفیٰ جان رحمت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل بیت کی رحمت وشفقت وجملہ اولیاء کرام کے روحانی فیضان سے متقدمین اولیاء کرام کے روحانی اوراد ووظائف اور معارف وحقائق کو درجہ بدرجہ شامل کیا جارہا ہے تاکہ اس پرفتن ماحول میں مختصر وقت کے اندر انسان ان درودوں اور سلاموں کے وسیلے سے نفس اور شیطان مردود کے شروں سے محفوظ ہوکر اللہ ورسول کی رضا اور خوشنودی حاصل کرسکے۔ اس آستانۂ عالیہ کے روحانی فیضان وکرم سے درود وسلام کے موضوع پر درج ذیل کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں۔

(۱) "اَلصَّلٰوۃُ الرُّوْحَانِیَّۃُ وَالدُّعَاءُ الْقَلْبِیَّۃُ" (درود روحانی ودعاء قلبی)

(۲) "اَلصَّلٰوۃُ الْمُحَمَّدِیَّۃُ" (درودِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم)

(۳) "صَلٰوۃُ الْمِیْمِ الْاَرْبَعِیْنَ" (درود چہل میم)

(۴) "سلام محمدی" صلی اللہ علیہ وسلم "مع اسرار "م، ح، م، د"

یہ تمام کتابیں مخلوق خدا کی ہدایت ورہنمائی کے لئے آستانۂ عالیہ سے بطور نذر پیش کی جاتی ہیں، اور تمام مخلصین قارئین سے گذارش ہے کہ ان کتابوں کو محض اللہ ورسول کی رضا حاصل کرنے لئے زیادہ سے زیادہ مخلوق خدا کو نذر کریں۔

# (۲) ''اَلصَّلٰوۃُ الْمُحَمَّدِیَّۃُ'' (درودِ محمدی ﷺ)

## کا مختصر تعارف

''اَلصَّلٰوۃُ الْمُحَمَّدِیَّۃُ'' (درودِ محمدی ﷺ) اس کتاب میں چار درود موجود ہیں ہر درود میں اسم محمد ﷺ کے حروف ''م، ح، م، د'' کے اسرار و رموز اور لطائف و حقائق روحانی تعلیمات کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں جن میں اہل نظر کے لئے خاص تحفہ وسعادت موجود ہے اس کتاب میں موجود تمام درودوں کے فضائل میں بس اتنا کہنا کافی ہے کہ اس کے جملہ الفاظ وکلمات الہامات ربانیہ ومکاشفات روحانیہ سے مزین ہیں جنہیں عالم ارواح کے اولیاء اور صاحب عرفان بزرگوں کی تلقین وہدایت اور بشارت صادقہ کے ساتھ ترتیب دیا گیا ہے، یہ کتاب بھی حضور پیارے مصطفیٰ ﷺ اور اہل بیت کرام وحضور غوث الاعظم وحضرت خواجہ غریب نواز وحضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضوان اللہ علیہم اجمعین ودیگر اولیاء کرام کی بارگاہ میں مقبول ہوچکی ہے، اللہ ورسول کی محبت کا طالب اگر ان درودوں کو ان کے تمام لوازمات کی پابندی کر کے پڑھے تو فوراً اس پر عالم ارواح منکشف ہوجائیں گے، درود محمدی ﷺ میں مذکور چاروں درودوں کے اسماء کے اول اول حرف لیں تو اسم محمد ﷺ بن جاتا ہے۔ اس کتاب کے پہلے درود معوذ ومغفرت کو پڑھنے سے انسان متقی بن جائے گا اس درود میں اسم محمد ﷺ کے اول حرف میم کی شان بیان کی گئی ہے جس میں ''وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ'' (اور میں اپنے نفس کو بے قصور نہیں بتاتا بے شک نفس تو برائی کا بڑا حکم دینے والا ہے مگر جس پر میرا رب رحم فرمائے) کے احساس کو زندہ کرنے اور ''فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْہُ'' (تم اپنے رب کی ثنا کرتے ہوئے اس کی پاکی بولو اور اس سے بخشش چاہو) کے چشمۂ صافی سے طہارت ظاہری وباطنی کا حکم بھی موجود ہے تاکہ ''وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلًا'' (اور تم اپنے رب کا نام یاد کرو سب سے الگ ہو کر اسی کے ہوجاؤ) کے خلعت نور وخلوت پرنور کا مستحق قرار پائے۔ دوسرا درود حلاوۃ شہود الحق ہے جس کے پڑھنے سے عالم ملکوت کے باب کھل جائیں گے، اس درود میں اسم محمد ﷺ کے ۹۲/عدد کے مطابق ۹۲/مرتبہ اسم محمد ﷺ مذکور ہے جس سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس درود کو پڑھنے والا حضور اقدس ﷺ کی بارگاہ پرانوار میں محبوب ومقبول ہوکر مقام محمدیہ ﷺ کے نور سے منور ہوگا اور اس درود میں افضل الذکر لا الہ الا اللہ 'م' کے عدد قلبی 'م، ی، م' کے مطابق ۹۰/مرتبہ آیا ہے جس سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس درود کو پڑھنے والا بارگاہ الٰہی میں انعام سرمدی کے لائق ہوگا اسے افضل الذکر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ کا فیض ملے گا اور اسے فنا فی اللہ کی منزل حاصل ہوگی اور اس درود کو حرف 'ل' کے عدد ۳۰/اور قرآن پاک کے ۳۰/پاروں کے مطابق ۳۰/سلسلوں میں باندھا گیا ہے جس میں سُبْحٰنَكَ اور سُلْطٰنَكَ کا ذکر اسی کے مطابق ۳۰/بار آیا ہے جس سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ بندہ اللہ ورسول کی نافرمانیوں اور گناہوں سے پاک وصاف ہوجائے گا اور اس کو قرآن پاک کی مقبول تلاوت کرنے کی توفیق ملے گی اور وہ ارکان اسلام کے انوار وبرکات سے مالا مال ہوگا نیز اس درود میں صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ کے اول اول حرف سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس درود کو پڑھنے والا عذاب دہر وقبر وحشر ووقت میزان ہر خوف وخطرہ سے محفوظ ہوگا، وہ ہر جگہ سلامتی ایمان کے ساتھ آقا ﷺ کے قرب میں ہوگا۔ اس درود میں اسم محمد ﷺ کے حرف 'ح' کی شان بتائی گئی ہے اس درود میں اسمائے حسنیٰ کو اسم محمد ﷺ کی طرف اضافت کر کے ذکر کرنے سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس درود کو پڑھنے والا حضور پیارے مصطفیٰ ﷺ کے انوار وبرکات کے وسیلے سے اسمائے الٰہیہ وصفات ربانیہ کے لطائف وانوار سے مستنیر ہوگا۔ اس درود میں ان

۷۰ر ہزار ملائکہ کے درودوں کا فیض بھی شامل ہے جو آقا ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوکر آپ ﷺ کی عظمت وشان کو بیان کر کے درود وسلام پیش کرتے ہیں، مشاہدہ روحانیہ سے یہ بات ثابت ہے کہ جب فرشتوں کو بارگاہ الٰہیہ سے حضور اقدس ﷺ کی بارگاہ میں درود وسلام پیش کرنے کا حکم دیا جاتا ہے تو فرشتے سبحٰنك کہتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے ہیں پھر صف بندی کر کے اول مرتبہ ''لا الہ الا اللہ'' کہتے ہوئے پرواز کرتے ہیں اور دوسری مرتبہ ''لا الہ الا اللہ'' کا ذکر کرتے ہوئے مدینہ منورہ کا رخ کرتے ہیں تیسری مرتبہ ''لا الہ الا اللہ'' کہتے ہوئے حضور اقدس ﷺ کی تربت مقدسہ پر حاضر ہوتے ہی سلطنك عرض کرتے ہیں پھر حضور ﷺ کی نسبت ووسیلہ سے اسمائے حسنیٰ کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی عظمت وشان بیان کرتے ہوئے نہایت ہی ادب واحترام سے محمد رسول اللہ ﷺ کا ذکر کر کے درود وسلام پیش کرتے ہیں جس کا فیض تمام اہل عالم کو ملتا ہے۔ درود ملائکہ کا انداز اور فیض بحمد اللہ تعالیٰ اس درود میں موجود ہے اس درود کے تکملہ کے بعد حضور ﷺ کی تبعیت میں اسمائے اہل بیت واسمائے صحابہ وتابعین وتبع تابعین واولیاء کرام اور اسمائے صوفیائے عظام کے ذکر کے ساتھ ان پر بھی درود وسلام پیش کیا گیا ہے اس سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس درود کو پڑھنے والا اولین وآخرین کے جملہ انبیاء واولیاء اور صوفیاء کے فیضان وکرم سے مستفیض ہوگا نیز درود کے آخر میں ادعیۂ ماثورہ کا ذکر کیا گیا ہے جن کے پڑھنے سے جملہ سعادت دارین حاصل ہوگی اور وہ اللہ تعالیٰ کے قول: ''سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ'' (عنقریب ہم انہیں اپنی نشانیاں دکھائیں گے زمانے میں اور ان کی جانوں میں) کا منظر یک دم میں ملاحظہ کرتے ہوئے ''أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ'' (سنو اسی کے لئے خلقت کرنا ہے اور امر کرنا ہے) کا جلوہ دیکھے گا۔ نیز وہ اللہ تعالیٰ کے فرمان ''قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّاهَا'' (یقیناً کامیابی کو پہنچا جس نے اپنے نفس کو صاف ستھرا رکھا) کے مطابق تزکیۂ نفس کے ساتھ فلاح وکامیابی کے منزل پر فائز ہوگا اور ''وَقَدْ خَابَ مَن دَسَّاهَا'' (یقیناً برباد ہوا جس نے اپنے نفس کو برائی میں ملوث کیا) کے قعرِ مذلت سے نکل کر نفس کو بدکاریوں میں ملوث کرنے سے محفوظ ہوجائے گا۔ تیسرا درود معطی الجنۃ اس درود میں اسم محمد ﷺ کے حرف 'م' کی شان بیان کی گئی ہے جس سے اس عقیدۂ حق کی طرف اشارہ ہے کہ خالق جنت اللہ ہے اور مالک جنت اس کے محبوب مصطفےٰ ﷺ ہیں جنہیں معطی الجنۃ کہتے ہیں اس درود کو پڑھنے والا انعام محمدی ﷺ یعنی جنت کا مستحق ہوگا اور اسے اسی ظاہری زندگی میں جنت کی بشارت دے دی جائے گی۔ چوتھا درود ''دائم الرحمۃ'' ہے اس درود میں سورۂ اخلاص کا فیض موجود ہے اس درود کو پڑھنے والا عالم ہاہوت کا مشاہدہ کرے گا وہ طریقت ومعرفت اور حقیقت کے تمام منازل کا اہل قرار پائے گا اس درود میں اسم محمد ﷺ کے حرف 'د' کی شان بیان کی گئی ہے جس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس درود کو پڑھنے والا علم الیقین عین الیقین اور حق الیقین کے مرتبہ پر فائز ہوکر قدیمی دائمی اور ابدی نعمتوں سے سرفراز کیا جائے گا اور اسے فنا فی الرسول وفنا فی اللہ کی منزلیں حاصل ہونگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ (وباللہ التوفیق وھو خیر رفیق وھو المستعان وعلیہ التکلان والحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین۔)

جاروب کش: محمد عزیز سلطان ناچیز
بدرگاہ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم
اولیاء مسجد پولو گراؤنڈ، نزد ہائی کورٹ، الہ آباد یوپی (الہند)



# اَلصَّلوٰۃُ الْمُحَمَّدِیَّۃُ ﷺ

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ○

## اَلصَّلوٰۃُ الْمُحَمَّدِیَّۃُ ﷺ

## دُرُودِ مُحَمَّدِی ﷺ

مُرَتّب: بفیضِ رُوحانی حضرات مخدومین
سادات چودھوں پیران سُلطان
العارفین برہان الدّین تاج الاولیاء
حضرت مخدوم سیّد احمد الشّاہ
(علیہم الرّحمۃ والرّضوان)

"محمّد عزیز سُلطان ناچیز"

خادمِ مسجد و درگاہ
پولو گراؤنڈ، نزد ہائی کورٹ، الٰہ آباد (یوپی)
www.syed14peer.com

٧٨٦
٩٢

نام کتاب: اَلصَّلوٰۃُ الْمُحَمَّدِیَّۃُ ﷺ دُرُوْدِ مُحَمَّدِی ﷺ

مرتب : بفیض روحانی حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں
علیہم الرحمۃ والرضوان **محمد عزیز سلطان ناچیز**

مترجم : مولانا مفتی محمد حامد رضا سلطانی (9695435877)

نظر ثانی : ادیب شہیر حضرت علامہ فضل رسول صاحب قادری رضوی
مصطفوی مظفر پوری شیخ الادب دار العلوم غریب نواز الہ آباد
وحضرت مولانا مفتی محمد رفیع اللہ صاحب قادری رضوی مصطفوی
دیوریاوی، شیخ الحدیث دار العلوم غریب نواز الہ آباد

کمپوزر : مولانا محمد عبید رضا خان، حافظ محمد طارق رحمانی خان

کمپوزنگ: رضا کمپیوٹر الہ آباد (9580007582)

سن اشاعت باردوم: ربیع الاوّل شریف ۱۴۳۷ھ، دسمبر ۲۰۱۵ء

**www.syed14peer.com**

پر بھی اس کتاب کو ملاحظہ کر سکتے ہیں۔۔۔



# فہرست



| صفحہ | مضامین | شمار |
|---|---|---|
| ۴ | حرف آغاز | ۱ |
| ۲۲ | ہدیۂ تشکر | ۲ |
| ۲۵ | مختصر احوال حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمہ | ۳ |
| ۳۷ | فضائل درود محمدی ﷺ معوذ ومغفرت | ۴ |
| ۶۹ | فضائل درود محمدی ﷺ حلاوۃ شہود الحق | 5 |
| ۱۲۵ | فضائل درود محمدی ﷺ معطی الجنۃ | ۷ |
| ۱۳۲ | فضائل درود محمدی ﷺ دائم الرحمۃ | 8 |

# حرف آغاز

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ الۡکَرِیۡمِ

وَاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ ○

اللہ تبارک وتعالیٰ کا بے انتہا حمد وشکر ہے اور اس کے حبیب مصطفےٰ ﷺ کی بے حساب رحمت وشفقت ہے کہ پیش نظر کتاب ''درودِ محمدی'' ﷺ کو ترتیب دینے کی توفیق عطا ہوئی اس درود محمدی ﷺ میں سب سے پہلے شیطان مردود اور اس کے تمام لشکریوں کے شروں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگی گئی ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں شیطان مردود کو انسان کا کھلا ہوا دشمن قرار دیا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اِنَّ الشَّیۡطٰنَ لِلۡاِنۡسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیۡنٌ (یوسف: ۵) ''بے شک



شیطان انسان کا کھلا ہوا دشمن ہے'' اور ہمیں اس سے اللہ کی پناہ مانگنے کا حکم دیا، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ (النحل:۹۸) ''تم شیطان مردود سے اللہ کی پناہ چاہو'' (اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ)

جیسا کہ منقول ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنی بارگاہ سے ابلیس کو نکال دیا تو اس کی شیطان بیوی کو اسی کی بائیں پسلی سے پیدا کیا جس طرح حضرت بی بی حوّا کو حضرت آدم علیہ السلام سے پیدا کیا گیا تھا، پھر اس عورت سے شیطان نے جماع کیا وہ حاملہ ہوگئی اور اس نے ۳۱/ انڈے دیئے اس کی ساری نسل کی اصل یہی ۳۱/ انڈے ہیں پھر اس سے شیطان کی تمام ذریات پھیلی جس سے خشکی اور سمندر پٹ گئے یہاں تک کہ ہر انڈے سے دس ہزار نر و مادہ پیدا ہوئے (کل تعداد تین لاکھ دس ہزار

ہوئے ) جنہوں نے پہاڑوں ، جزیروں، ویرانوں، جنگلوں، دریاؤں، ریگستانوں، بیابانوں، چشموں ،چوراہوں، حماموں، پاخانوں، فرجوں، جنگ وجدل کے میدانوں، قرنا (بگل) پھونکنے کے میدانوں، قبرستانوں، گھروں، کوٹھیوں، بدوؤں کے خیموں غرض کہ جملہ جگہوں کو بھر دیا۔

اَعُوْذُ بِا للّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَمِنْ شُرُوْرِ زَوْجَتِہٖ وَکُلِّ ذُرِّیَاتِہٖ وَجُنُوْدِہٖ ۔ ’’میں غلبہ وسلطنت والے مددگار اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود کے شر سے اور اس کی بیوی اور اس کی تمام نسلی اولاد اور اس کے لشکریوں کے شروں سے‘‘ مقاتل نے بروایت زہری بواسطہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بیان کیا کہ انہوں نے فرمایا کہ



رسول اللہ ﷺ کے صحابۂ کرام ایک رات حضور ﷺ کی تلاش میں آئے ، ان صحابہ میں حضرت ابوبکر صدیق اکبر، حضرت عمر فاروق اعظم ، حضرت عثمان غنی ،حضرت مولیٰ علی المرتضی، حضرت سلمان فارسی اور حضرت عمار بن یاسر (رضی اللہ تعالیٰ عنہم ) شامل تھے (ان اصحاب کے پہنچنے پر ) رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور حالت یہ تھی کہ بخار کی وجہ سے آپ ﷺ کی مبارک پیشانی پر پسینے کے قطرات موتیوں کی طرح چمک رہے تھے پھر حضور ﷺ نے اپنی مبارک پیشانی پر ہاتھ پھیر کر فرمایا ’’اللہ تعالیٰ ملعون پر لعنت کرے‘‘ (اَعُوْذُ بِا للّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، اَعُوْذُ بِا للّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ،اَعُوْذُ بِا للّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ) آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا اس کے بعد سر اقدس جھکا لیا، حضرت علی

مرتضی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان ہوں، اِس وقت آپ ﷺ نے کس پر لعنت فرمائی؟ حضور ﷺ نے فرمایا! خدا کے دشمن ابلیس خبیث پر!! اس نے اپنی دم اپنی دُبر میں ڈال کر سات انڈے نکالے اور ان سے اس کی اولاد ہوئی پھر ان کو بنی آدم کے بہکانے پر اس نے مامور کیا ان سات میں سے ایک کا نام ''مدحش'' ہے جس کو علماء کے ورغلانے پر مقرر کیا گیا ہے چنانچہ وہ علماء کو مختلف خواہشات کی طرف لے جاتا ہے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْمُدْحِشِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ''میں غلبہ وسلطنت والے مددگار اللہ کی پناہ لیتا ہوں مدحش شیطان مردود کے شر سے''۔

دوسرے کا نام حدبث ہے جو نماز پر مقرر ہے



نمازیوں کو ذکر الٰہی سے ہٹا کر اِدھر اُدھر لہو ولعب میں لگا دیتا ہے اور ان کو جماہی اور اونگھ میں مبتلا کر دیتا ہے، پس اس طرح نمازیوں میں سے کوئی سو جاتا ہے اور جب کوئی کہتا ہے کہ سو گئے؟ تو وہ کہتا ہے نہیں میں تو نہیں سویا! اس طرح وہ نماز میں بغیر وضو کے رہ جاتا ہے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد ﷺ کی جان ہے کہ ان میں سے کوئی نمازی اس حال میں نکلتا ہے کہ اس کو آدھی نماز کیا بلکہ چوتھائی نماز کے دسویں حصہ کا بھی ثواب نہیں ملتا، بلکہ ایسی نماز کا گناہ ثواب سے بڑھ جاتا ہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْحَدَبَثِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ''میں غلبہ وسلطنت والے مدد گار اللہ کی پناہ لیتا ہوں حدبث شیطان مردود کے شر سے''۔

شیطان کی تیسری اولاد کا نام ''زلبنون'' ہے جو

بازاروں میں مقرر ہے، وہ لوگوں کو کم تولنے اور جھوٹ بولنے پر اکساتا ہے، مال بیچتے وقت دوکانداروں کو مال کی جھوٹی تعریف پر اُبھارتا ہے تاکہ اپنا مال فروخت کر کے روزی کمائیں۔اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الزَّلْبَنُوْنِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ''میں غلبہ وسلطنت والے مددگار اللہ کی پناہ لیتا ہوں زلبنون شیطان مردود کے شر سے''

چوتھے کا نام ''بَتَرّ'' ہے وہ لوگوں کو گریبان چاک کرنے، منھ نوچنے اور مصیبت کے وقت واویلا کرانے پر مقرر ہے۔ تاکہ مصیبت کے اجر وثواب کو (فریادوفغاں کراکے) ضائع کرادے، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْبَتَرِّ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ''میں غلبہ وسلطنت والے مددگار اللہ کی پناہ لیتا ہوں بترّ شیطان مردود کے شر سے'' پانچویں کا نام



''منشوط'' ہے یہ دروغ گوئی، چغلخوری، طعن وتشنیع کرانے پر مقرر ہے۔اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْمَنْشُوْطِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ''میں غلبہ وسلطنت والے مددگار اللہ کی پناہ لیتا ہوں منشوط شیطان مردود کے شر سے''

چھٹے کا نام ''واسم'' ہے یہ شرمگاہوں پر مقرر ہے چنانچہ یہ مرد اور عورت کی شرمگاہوں پر پھونک مارتا ہے تاکہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ زنا میں مبتلا ہوں۔اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْوَاسِمِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ''میں غلبہ وسلطنت والے مددگار اللہ کی پناہ لیتا ہوں واسم شیطان مردود کے شر سے''۔

ساتویں کا نام ''اعور'' ہے یہ چوری پر مامور ہے یہ چور سے کہتا ہے کہ مال چوری کر چوری تیرے فاقہ کو دور کردے گی، تیرا قرض ادا ہوجائے گا اور تیری تن پوشی بھی ہوجائے

گی۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْاَعْوَرِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ''میں غلبہ وسلطنت والے مددگار اللہ کی پناہ لیتا ہوں اعور شیطان مردود کے شر سے''۔ لہٰذا ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ کسی حالت میں بھی شیطان سے غافل نہ رہے اور اپنے کاموں میں اس سے بے خوف ہو کر نہ بیٹھ جائے۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ وضو پر ایک شیطان مقرر ہے جس کا نام ''ولھان'' ہے تم اس سے اللہ کی پناہ مانگو۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْوَلْھَانِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ''میں غلبہ وسلطنت والے مددگار اللہ کی پناہ لیتا ہوں ولھان شیطان مردود کے شر سے'' نماز کی صفوں میں مل کر کھڑے ہونے کی بھی آپ ﷺ نے ہدایت فرمائی ہے تاکہ شیطان بکری کے بچہ کی طرح



صفوں میں نہ گھس آئے۔

حضرت عثمان بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا ''میری نماز اور قرأت میں شیطان خلل ڈالتا ہے'' حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا اس کا نام ''خنزب'' ہے جب تم کو اس کا احساس ہو تو اللہ کی پناہ مانگو اور بائیں طرف کو تین بار تھتکار دو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ میں نے ایسا ہی کیا ہے اور اللہ نے اس کو مجھ سے دور کر دیا ہے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْخَنْزَبِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ''میں غلبہ وسلطنت والے مددگار اللہ کی پناہ لیتا ہوں خنزب شیطان مردود کے شر سے''۔

(غنیۃ الطالبین ص ۲۰۰ تا ۲۰۱)

(حیاۃ الحیوان اردو جلد دوم صفحہ ۸۰ تا ۱۰۴ ملخصاً)

انہیں روایات کے پیش نظر اس درود محمدی ﷺ کی ابتدا اللہ کی پناہ مانگتے ہوئے کی گئی تا کہ اس درود کو پڑھنے سے پہلے ہم اپنے دشمن کو پہچان جائیں اور اللہ تعالیٰ کی امان میں داخل ہو جائیں اس کے بعد اس درود محمدی ﷺ میں اللہ کے رسول ﷺ پر درود وسلام بھیجتے ہوئے اپنے گناہوں مثلاً جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، کینہ، بدنظری، بدکرداری اور بد گمانی جیسے افعال شیطانی و وساوس نفسانی و دیگر اثرات خبائث سے اللہ غفور و رحیم کی بارگاہ اقدس میں توبہ و استغفار کیا گیا ہے کیونکہ توبہ و استغفار کی توفیق ہی ایک ایسی دولت ہے جس کے ذریعہ سے بندہ پر اللہ و رسول کی دائمی رحم و کرم اور فضل و نعم کے باب کھلتے ہیں اسی لئے جب تک کوئی شخص اپنے ظاہر و باطن کو توبہ و استغفار کر کے نہ پاک کرے اس کے اندر اللہ و رسول کی



اطاعت و محبت کا پاک نور ہرگز نہ آئے گا۔ اللہ ارحم الراحمین کا اپنے بندوں پر یہ خاص فضل و کرم ہے کہ وہ گناہوں پر فوراً ہماری گرفت نہیں فرماتا اور نہ ہی ہم پر اپنی نعمتوں کے دروازے بند فرماتا ہے۔ چنانچہ صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر چار رحمتیں عام فرمائی ہیں، پہلی رحمت یہ ہے کہ بندہ جس عضو سے گناہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس عضو کی طاقت کو فوراً نہیں چھینتا، اور دوسری رحمت یہ ہے کہ وہ بندہ کے گناہوں کو پوشیدہ رکھتا ہے اور ظاہر نہیں فرماتا، تیسری رحمت یہ ہے کہ وہ گناہ کی وجہ سے رزق کے دروازے بند نہیں کرتا، چوتھی رحمت یہ ہے کہ وہ بندہ پر توبہ کا دروازہ بند نہیں فرماتا بلکہ آخری لمحات تک مہلت دیتا ہے۔ لہٰذا جب کوئی شخص نماز اور روزہ تلاوت قرآن، ذکر و فکر میں خبائث

شیطانی ووساوس نفسانی کا ادراک کرے تو فوراً اللہ ارحم الراحمین کی بارگاہ میں عاجزی وانکساری کے ساتھ الحاح وزاری کرے اپنے تمام ظاہری و باطنی گناہوں پر حضور قلب کے ساتھ شرمندہ ہو اور اپنے مالک حقیقی ساری کائنات کے پالنہار غفور ورحیم کی بارگاہ میں اللہ کے حبیب مصطفےٰ ﷺ اور آپ ﷺ کی اہل بیت اور صدیقین وصالحین کے واسطے سے توبہ واستغفار کرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ''تو تم اپنے رب کی حمد کے ساتھ پاکی بولو اور اس سے بخشش چاہو بے شک وہ بہت توبہ قبول فرمانے والا ہے'' توبہ واستغفار ذکر ودعا کی مقبولیت کا سب سے اہم وسیلہ درود پاک ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو بایں طور حکم فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ



يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ''بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر خوب خوب درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی ان پر خوب خوب درود و سلام بھیجو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عِتْرَتِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: صَلٰوتُكُمْ عَلَيَّ مُحْرِزَةٌ لِّدُعَائِكُمْ وَمَرْضَاةٌ لِّرَبِّكُمْ وَزَكٰوةُ اَعْمَالِكُمْ (اے میری امت) تمہارا مجھ پر درود پاک پڑھنا تمہاری دعاؤں کا محافظ ہے اور تمہارے لئے رب تعالیٰ کی رضا ہے اور تمہارے اعمال کی طہارت ہے۔

(سعادۃ الدارین جلد ۱/ص ٦١)

حضرت خضر وحضرت الیاس علیہما السلام فرماتے ہیں
کہ ہم نے رسول اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ
ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر درود پاک پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ
اس کے دل کو یوں پاک کر دیتا ہے جیسا کہ پاک پانی ناپاک
کپڑے کو پاک کر دیتا ہے۔ (القول البدیع: ۱۳۳)

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ
کُلُّ دُعَاءٍ مَحْجُوْبٌ حَتّٰی یُصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ ﷺ
''حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم
ﷺ نے فرمایا ہر دعا اس وقت تک روک دی جاتی ہے جب
تک کہ نبی کریم ﷺ پر درود نہ پڑھا جائے''۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی
حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَسَلَّمَ۔

(سعادۃ الدارین ج ۱ رص ۷۳)



اسی لئے درود محمدی ﷺ میں ہر درود کے درمیان
توبہ واستغفار اور روحانی ذکر و دعا کو درج کیا گیا ہے تا کہ اس
درود محمدی ﷺ کو پڑھنے والا شیطان مردود اور اس کے تمام
لشکریوں کے شروں سے اللہ و رسول کی پناہ میں آجائے اور
اسے مقبول توبہ واستغفار اور مقبول ومحبوب ذکر و دعا کی توفیق
ملے، اس کے دلوں میں اللہ و رسول کی اطاعت ومحبت جاگزیں
ہو جائے اور جو لوگ راہ ہدایت سے بھٹکے ہوئے ہیں انہیں
نفرت وحقارت کی نظر سے دیکھنے کے بجائے امت محمدیہ علیٰ
صاحبہا الصَّلٰوۃُ والسلامُ میں شمولیت کی وجہ سے خلوص وللّٰہیت
کے ساتھ موعظت وحکمت اور شفقت ومحبت سے دعوت حق
دے اور ان کے لئے اللہ و رسول کی بارگاہ میں ہدایت حقہ کی
دعا کرے۔ اہل بصیرت کے لئے قلائد الجواہر کی یہ عبارت

کافی ہے۔ قِیْلَ لِلشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ الْجِیْلَانِیِّ فِیْ
مُرِیْدِكَ الْبَارُّ وَالْفَاجِرُ قَالَ اَلْبَارُّ لِیْ وَالْفَاجِرُ اَنَا
لَهٗ ''حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ
میں عرض کیا گیا حضور! آپ کے چاہنے والوں میں نیک بھی
ہیں اور برے بھی ہیں، تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نیک
لوگ میرے ہیں اور بروں کے لئے میں ہوں۔

(قلائد الجواہر ص: ۱۷ مطبوعہ مشہد حسینی مصر)

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ فضل وکرم میں اس کے حبیب
مصطفیٰ ﷺ اور آپ ﷺ کی اہل بیت کے واسطے سے دعا
ہے کہ مولیٰ تعالیٰ اس درود محمدی ﷺ کی برکت اور اس کے
فیضان سے تمام خانقاہوں اور مدارس اسلامیہ کے مشائخ وعلماء
میں باہمی الفت ومحبت پیدا فرمائے اور ان کے اخلاق و



درجات کو بلند فرمائے اور تمام مومنین ومومنات اور مسلمین
ومسلمات کے دلوں میں اپنی اور اپنے حبیب مصطفیٰ ﷺ کی
اطاعت ومحبت عطا فرمائے اور اس کے انوار وبرکات سے
مستفیض فرمائے اور تمام جن وانس کو اہل سنت وجماعت کی
پیروی میں شرابور فرمائے۔

آمِیْن بِجَاهِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

طالب دعا: محمد عزیز سلطان ناچیزؔ
خادم مسجد ودرگاہ، پولوگراؤنڈ، نزد ہائی کورٹ، الہ آباد، (یوپی)

# ہدیۂ تشکر

اللہ رب العلمین کا بے پایاں رحم وکرم فضل واحسان ہے کہ اس نے یہ درود محمدی ﷺ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمۃ والرضوان کے روحانی فیضان وکرم میں ڈوب کر ناچیز کو اسی مبارک آستانہ پر ترتیب دینے اور اپنے حبیب مصطفٰے ﷺ پر درود وسلام کا ہدیہ پیش کرنے کی توفیق بخشی۔

یہ کتاب انتظامیہ کمیٹی مسجد ودرگاہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمۃ والرضوان کے عقیدت مند حضرات کی مدد سے منظر عام پر آئی ہے، بارگاہ الٰہی میں دعا ہے کہ اس درود محمدی ﷺ کے فیوض وبرکات سے تمام انس وجاں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ اسلام کی محبت عطا فرمائے اور اہل سنت وجماعت کی پیروی کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور حبیب مصطفٰی ﷺ پر خلوص



وللّٰہیت کے ساتھ خوب درود وسلام پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے اور حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمۃ والرضوان کے آستانہ سے متعلق خدام حضرات جو بھی ذکر وفکر اور اوراد ووظائف کرتے ہیں انہیں قبول فرمائے۔ آستانہ کے جملہ محبین ،متوسلین، معاونین اور زائرین پر اپنا خصوصی فضل فرمائے اور انہیں دنیوی واخروی سعادتوں سے مالا مال فرمائے آمین۔

میں ناچیز اپنے تمام محبین ،مخلصین ومحسنین و بالخصوص فیضان غوث اعظم پیر طریقت حضرت عبدالحمید سالم القادری و فیضان اعلیٰ حضرت حضرت علامہ مفتی اختر رضا خاں ازہری وسید وارث حسین چشتی اجمیری وحضرت علامہ توصیف رضا وحضرت مولانا سید فیضان اللہ وحافظ غلام ربانی وحضرت مولانا سید محمد ریحان احمد چشتی اشرفی ومولانا مفتی عظیم اللہ ومحمد عیسیٰ بابا (خادم آستانہ ٹوپی والے بابا) والحاج اقبال دانش صاحبان کا شکر گزار ہوں جن کی

دعائیں ہر پل ہمارے ساتھ ہیں اللہ تعالیٰ ان سب پر اپنا فضل وکرم فرمائے اوران کے درجات کو بلند فرمائے۔آمین

اس درود محمدی ﷺ کو اولیائے کرام اور صوفیائے اسلام کے روحانی توسل سے تمام لوگوں کو پڑھنے کی اجازت دی جاتی ہے تاکہ لوگ اس لازوال نعمت سے قرب خدا ورسول کی عظیم دولت سے مالامال ہوسکیں۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔آمین۔

دعا گو: محمد عزیز سلطان ناچیزؔ

خادم مسجد ودرگاہ، پولو گراؤنڈ، نزد ہائی کورٹ، الہ آباد، (یوپی)



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مختصر احوال حضرات مخدومین سادات

## چودھوں پیراں علیہم الرحمہ

آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمۃ والرضوان تقریباً ۵۲۵ سالہ قدیمی بارگاہ ہے، جو پولو گراؤنڈ نزد ہائی کورٹ الہ آباد میں واقع اور مرجع خلائق ہے جہاں سنہ ۱۹۴۲ء میں مسلم لیگ کی کانفرنس میں ۲۷/ اسلامی ممالک کے بادشاہان وقت خیمہ زن تھے جنہوں نے آزادیٔ ہند سے متعلق یکجا ہوکر مجلس مشاورت قائم کی تھی وہ لوگ اپنے عہد قیام میں روزانہ آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوکر درود وسلام کے نذرانے پیش کیا کرتے تھے، آپ کی بارگاہ پرانوار اور صاحب لطائف واسرار سے ہر زمانے میں خلق خدا

مستفیض ومستنیر ہوتی رہی، آج بھی جن وانس آپ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوکر فیضیاب ہوتے ہیں۔ اس عظیم آستانۂ عالیہ کے اصل روح رواں حضور سلطان العارفین برہان الدین تاج الاولیاء حضرت مخدوم سید احمد شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے عظیم المرتبت صاحب ولایت عارف باللہ ولی کامل ہیں، مشاہدے کے مطابق آپ وراثت حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور وراثت حضور خواجہ غریب نواز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حامل ہیں۔ آپ کو نام ونمود اور شہرت بالکل پسند نہ تھی نہایت ہی سادہ زندگی کے حامل اور ہمہ دم ذکر وفکر صبر وشکر کے ساتھ اطاعت خدا ورسول میں شرابور رہتے تھے، آپ نے تبلیغ حق کے سلسلے میں مختلف ممالک وصوبہ جات کے دورے فرمائے اس سلسلے میں آپ کو بڑی جانکاہ تکالیف ومصائب کا



سامنا کرنا پڑا بالآخر آپ نے الہ آباد کے سنسان وبیابان جنگل کو اپنی قیام گاہ بنایا اور آخری دم تک وہیں سے تبلیغ حق وخدمت خلق کے فرائض انجام دیتے رہے، آپ کے اصحاب میں سے کچھ حضرات فاتح وغازی بنکر آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور آپ سے شرف تلمذ حاصل کرکے آپ ہی کے ہوکر رہ گئے، اور کچھ حضرات اعلاء کلمۃ الحق کے لئے جہاد کرتے ہوئے شہید ہوگئے جن کی تدفین آپ کی بارگاہ میں حاصل ہوئی اس طرح آپ حضرات کی کل تعداد ۱۴/ ہوگئی۔

آپ حضرات کی سنہ ولادت ووفات کے جملہ احوال وواقعات اور اس کے تمام مندرجات گردش ایام کی نذر ہوگئیں البتہ بہ تحقیق اتنی بات معلوم ہوسکی ہے کہ ۱۵/ ویں صدی عیسوی (عہد سلطنت ابراہیم لودی) میں آپ حضرات

کی تربت مقدسہ لکھوری اینٹ سے بن چکی تھی اور خلق خدا ادب واحترام کے ساتھ حاضر ہوکر نذرانۂ عقیدت پیش کیا کرتی تھی۔

سنہ ۱۹۳۲ء میں ایک انگریز افسر نے حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں علیہم الرحمہ کے مزارات مقدسہ کوشہید کرنے کا ناپاک ارادہ کیا اورانہیں مصنوعی مقبرے سمجھ کر پولوگراؤنڈ میں شامل کرنے کا حکم دیا تو اسی شب میں حضرت مخدوم سید احمد شاہ علیہ الرحمۃ والرضوان نے اس انگریز افسر کو خواب میں بشارت دی کہ ان مزارات مقدسہ کوشہید کرنے کا ارادہ ترک کردو بقیہ زمین تمہارے استعمال کے لئے کافی ہے صبح سویرے اس انگریز افسر نے اس بشارت کو اپنی بیوی کو بتایا مگر اس بشارت کو لایعنی خواب سمجھ کر ٹال دیا اور اپنے کار



کنان کو ان مزارات مقدسہ کوشہید کرنے کا حکم نافذ کیا پس جب اس کے کارکنان لشکری وہاں آئے تو ان پر قدرتی طور پر زبردست طریقے سے نیند کا غلبہ ہونے لگا اور سب کے سب وہیں سو گئے۔صبح سویرے تمام لشکری اپنے انگریز افسر کے پاس جاکر اپنے تمام احوال سنائے لیکن اسے پھر بھی اعتماد نہ ہوا اور ان پر مزید لشکریوں کا اضافہ کرکے سخت حکم نافذ کیا جب وہ لوگ اپنے اس ناپاک ارادے سے آپ کے مزارات مقدسہ کی طرف بڑھے تو ان لوگوں نے دیکھا کہ شمال کی جانب سے نہایت ہی مہیب وخوفناک بڑے بڑے اژدہے ان کی طرف بڑھ رہے ہیں لگ رہا تھا کہ وہ اژدہے ان لوگوں کو نگل لیں گے یہ دیکھ کر وہ لوگ مبہوت ہوکر بھاگے اور اپنے انگریز افسر سے جاکر سارا ماجرا کہہ سنایا لیکن انگریز افسر پھر بھی اپنے

ناپاک ارادے سے باز نہ آیا اور خود مزارات مقدسہ کو شہید کرنے کے ارادے سے اپنے گھوڑے پر مع لشکری سوار ہوکر آیا جیسے ہی وہ مزارات چودھوں پیراں علیہم الرحمہ پر اپنے خیال بد کے ساتھ پہونچا ویسے ہی اس کے گھوڑے نے اسے گرادیا اور اپنے اگلے دونوں پیروں سے انگریز افسر کے دونوں پیروں کو روند کر توڑ ڈالا پھر انگریز افسر کو محض ایک وقتی حادثہ سمجھ کر اسپتال میں داخل کیا گیا کافی علاج ومعالجہ کے باوجود اس کی ٹوٹی ہوئی ہڈی نہ جڑسکی بالآخر اس انگریز افسر کے اصطبل کے خادم قاسم نے اس کی بیوی سے جاکر کہا کہ ہمارے صاحب جب تک ان اللہ والوں کے مزارات مقدسہ کو شہید کرنے کا ناپاک ارادہ ترک نہ کریں گے اس وقت تک انہیں صحت حاصل نہ ہوگی تب انگریز افسر کی بیوی نے اسے اس خیال بد



سے باز رہنے اور گزشتہ بشارت پر عمل کرنے کی تلقین کی تو انگریز افسر نے اس سے عہد کیا ٹھیک ہے اگر میں تین دن کے اندر صحت یاب ہوگیا تو میں ان مزارات کو شہید نہیں کرونگا چنانچہ تین دن کے اندر اس کی ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہوگئی اور جب وہ مکمل صحت یاب ہوگیا تو فوراً نہایت عاجزی اور منت وسماجت کے ساتھ آپ کی بارگاہ میں اپنے پیروں سے چل کر حاضر آیا اور اپنی کارکردگی پر شرمندہ ہوکر سلامی پیش کی اور اس طرح حضرات چودھوں پیراں علیہم الرحمہ سے اس کی عقیدت دن بدن بڑھنے لگی چنانچہ اس انگریز افسر نے آپ کے مزار کی پائینتی جانب سوپر پاور (Super Power) لکھ دیا اور اس نے ۳۱۱۱/اسکوائرفٹ زمین آپ حضرات کے نام درج کر کے ہر چہار جانب احاطہ کردیا۔ جس کا سروے نمبر ۳۲۳ پرائیویٹ

لینڈ ہے اور وہ سنی وقف بورڈ میں علی الخیر مسجد و درگاہ کے نام سے درج ہے جس کا وقف نمبر ۳۱۴۵ ہے۔ پھر اس انگریز افسر نے اپنے تمام ماتحتوں کو حکم دیا کہ جو بھی جس وقت پولو گراؤنڈ میں داخل ہو تو سب سے پہلے فورٹین پیر بابا (حضرات مخدومین چودھوں پیراں) کے مزارات پر باادب حاضر ہو کر سلامی پیش کرے اور اس پر اس نے بھی اپنے تئیں عملی کارروائی پیش کی اس کے بعد انگریز افسر نے فورٹین پیر بابا (حضرات چودھوں پیراں) کے مزارات مقدسہ کی نگرانی کے لئے ایک انتظامیہ محمدن کمیٹی کی تشکیل دی جس میں نو حضرات بطور ممبر چنے گئے اور ان کے صدر حضرت سید عبدالغفور صاحب مرحوم کو مقرر کیا گیا پھر ان کی وفات کے بعد بابا شیر علی مستان، عبدالرزاق شاہ، حاجی عبدالخلیل شاہ مرحومین، یکے بعد دیگرے منصب صدارت



کے حامل ہو کر حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمہ کے آستانہ کے خادم اور نگراں رہے فی الحال آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمہ کے خادم محمد عزیز سلطان ہیں جب کہ انتظامیہ کمیٹی کے صدر جناب محمد شمشاد احمد صاحب اور جناب محمد مسرور احمد صاحب ہیں جو اپنی تمام ذمہ داریوں کو نہایت ہی خلوص وللّٰہیت کے ساتھ مع احباب واخوان کے حضرات مخدومین چودھوں پیراں علیہم الرحمہ کے زیر سایہ ان کے فیضان کرم میں ڈوب کر بخوبی انجام دے رہے ہیں یہ تمام کتابیں جو درود وسلام کے عنوان سے منظر عام پر آرہی ہیں یہ انہیں حضرات مخدومین چودھوں پیراں علیہم الرحمہ کا روحانی فیضان ہے، آج بھی آستانہ سے متعلق جملہ امور حضرات مخدومین چودھوں پیراں علیہم الرحمہ ہی کے اشارے

اورانہیں کے فیضان کرم سے انجام پزیر ہوتے ہیں بارگاہ رب
العلمین میں دعا ہے کہ ہمیں اپنے ان محبوبین حضرات مخدومین
کے زیر سایہ رہ کر مقبول خدمت دین متین کی توفیق بخشے اور
ہماری جملہ لغزشوں اور کوتاہیوں کو درگزر فرمائے اور ان کے
فیضان کرم میں تاابد شرابور فرمائے آمین۔

حضرات مخدومین چودھوں پیراں علیہم الرحمہ کی بے
شمار کرامتیں ہیں جو زائرین و ذاکرین اور محبین ومتوسلین کے
مشاہدے میں دن بدن آتی رہتی ہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد
حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمہ کے
کرامات سے متعلق ایک کتاب منظر عام پر آئے گی۔

حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمہ
کا سالانہ عرس شریف ۲۴/۲۵/۲۶/ رجب المرجب کو



بڑے ہی تزک واحتشام کے ساتھ منایا جاتا ہے جس میں دور
دراز سے زائرین، متوسلین آتے ہیں اوراپنی عقیدت کے پھول
پیش کرتے ہیں۔ بتاریخ ۲۴ رجب المرجب کو بعد نماز عشاء
میلاد شریف اور شب کے تین بجے غسل شریف اور
دعائے خیراور ۲۵/ تاریخ کو بعد نماز فجر قرآن خوانی لنگر اور
رات میں محفل سماع کا اہتمام ہوتا ہے، بتاریخ ۲۶/ رجب
المرجب کو بعد نماز عصر حمد ونعت خوانی اور بعد نماز مغرب فاتحہ
وقل شریف کا اہتمام کیا جاتا ہے اور ہر سال ربیع الآخر کی آخری
جمعرات کو صبح ۹/ بجے سے گیارہویں شریف کا فاتحہ اورسرکار
غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لنگر کا اہتمام بھی ہوتا ہے۔اور
ہر جمعرات کی رات بعد نماز عشاء ذکر وفکر صلاۃ وسلام اور بعدہٗ
دعاء خیر ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب سرورِ کائنات ﷺ

کے صدقے میں اراکین کمیٹی کی جملہ کوشش وکاوش کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت سے نوازے۔ آمین۔

از: محمد عزیز سلطان ناچیزؔ

خادم مسجد ودرگاہ، پولوگراؤنڈ، نزد ہائی کورٹ، الہ آباد، (یوپی)



# فضائل درود محمدی ﷺ معوذ و مغفرت

بحمد اللہ تبارک وتعالیٰ وبکرم حبیبہ الاعلیٰ ﷺ اس درودِ محمدی ﷺ کو ترتیب دینے کی توفیق مرحمت ہوئی۔ اس کتاب میں موجود تمام درود محمدی ﷺ میں اسم محمد ﷺ کے حروف ''م، ح، م، ذ'' کی عظمت وحکمت اور لطائف واسرار کو اشارے میں بیان کیا گیا ہے جس میں اہل نظر کیلئے خاص تحفہ و سعادت موجود ہے۔

جو شخص اس درود محمدی ﷺ معوذ و مغفرت کو پڑھے گا وہ شیطان مردود اور اس کے تمام لشکریوں کے شر سے محفوظ ہوجائے گا جس گھر میں اس درود کو پڑھا جائے گا اس گھر کے لوگ اللہ ورسول کی امان میں داخل ہوجائیں گے اور انہیں

مقبول عبادت وریاضت کی توفیق عطا ہوگی اور وہ زمانہ کے
ہر فتنے ہر ہلاکت وتباہی سے محفوظ ہوجائیں گے لوگوں کے
دلوں میں ان کی محبت جاگزیں ہوجائے گی اور دونوں
جہاں میں سعادت حاصل ہوگی جو شخص اس درود کو روزانہ
پڑھنے کا اپنا معمول بنائے گا وہ شخص شیطان مردود اور ہر شر
پسند کی شر پسندی، دجل وفریب، تباہی اور بربادی سے محفوظ ہو
جائے گا اس پر فضل ربانی ونعم دوامی کے باب کھل جائیں گے
اور اگر کوئی اس درودِ محمدی ﷺ معوذ ومغفرت کو ہر ذکر
ووظائف اور ہر نماز کے اول وآخر ایک بار پڑھے گا تو اس کو
تمام افکار شیطانی اور وساوس نفسانی ودیگر خصائل رذیلہ سے
نجات ملے گی اور اسے ذکر ووظائف اور نماز کے انوار حاصل
ہونگے اور اگر کوئی شخص چالیس دن متواتر مقررہ وقت پر جس



گھر میں اس ''درود'' کو پڑھے گا تو وہ گھر ہر شیطانی اثر ودیگر
اثرات خبائث سے محفوظ ہوجائے گا نیز اس گھر کا حصار ہو
جائے گا اور آئندہ وہ گھر اور اس گھر کے جملہ افراد ہر بدنظری،
بدکرداری میں ملوث لوگوں کے اثرات خبائث سے محفوظ
ہوجائیں گے اور اس درود پاک کو پڑھنے والے کی صحبت
میں بیٹھنے والا بھی فیضیاب ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا
ہے کہ ہمیں اسے پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمِیْن بِجَاہِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

رابطہ نمبر: 09695435877

# دُرُودِ مُحَمَّدِی ﷺ مُعَوِّذُ وَمَغْفِرَۃ

| |
|---|
| بِسْمِ اللّٰہِ جَلِیْلِ الشَّانِ ○ عَظِیْمِ الْبُرْھَانِ ○ |
| شَدِیْدِ السُّلْطَانِ ○ مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ ○ |
| اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ |
| بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ |
| یَااِلٰہَ مُحَمَّدٍ ﷺ ○ یَارَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ ○ |
| اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْرُ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ |
| لَّا یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرُ |
| وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ |
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمَعْصُوْمِیْنَ |
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعِتْرَتِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ |



| |
|---|
| بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ○ (۱۰۰ بار یا ۱۱ بار یا ۷ بار) |
| اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ (۳۶۰ بار یا ۱۰۰ بار یا ۱۱ بار) |
| اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَمِنْ شُرُوْرِ زَوْجَتِہٖ وَکُلِّ ذُرِّیَاتِہٖ وَجُنُوْدِہٖ ۔ (۳ بار) |
| اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْمُدْحِشِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ (۳ بار) |
| اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْحَدْبَثِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ (۳ بار) |
| اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الزَّلْبَنُوْنِ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ (۳ بار) |

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْبَتَرِّ
الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ (۳بار)

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْمَنْشُوْطِ
الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○(۳بار)

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْوَاسِمِ
الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○(۳بار)

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْاَعْوَرِ
الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ○ (۳بار)

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْوَلْھَانِ
الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ○ (۳بار)

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ الْخَنْزَبِ



الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ (۳بار)

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
وَمِنْ شُرُوْرِ کُلِّ جُنُوْدِہٖ الَّذِیْنَ یَنْشُرُوْنَھَا فِی اللَّیْلِ
وَالنَّھَارِ وَاَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنَ الشِّرْکِ
وَالْکُفْرِ وَالْکِبْرِ وَالْحَسَدِ وَالْکِذْبِ وَ الْغِیْبَۃِ
وَالْفِسْقِ وَالْجَھْلِ وَالطُّغْیَانِ وَالْمَعَاصِیْ کُلِّھَا○

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السُّلْطَانِ النَّصِیْرِ مِنْ شَرِّ اَفْعَالِ
الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ○وَمِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ
الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّۃِ
وَالنَّاسِ ○ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا فِیْ ھٰذَا الشَّھْرِ
وَالْیَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَہٗ○ اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُ بِکَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

وَبِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ مِنْ شَرِّ نَفْسِىْ وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ

